14جون، 2012

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو چینی کی برآمد کے کیسز پروسیس کرنے کی ہدایت جاری کردی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرمبادلہ میں لین دین کے تمام مجاز ڈیلرز (بینکوں) کو چینی کی برآمد کے کیسز مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق پروسیس کرنے کی ہدایت جاری کی ہے:

1۔ بینک شوگر ملز کی درخواستیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری کے لئے ای فارم کی فوٹو کاپی، کنٹریکٹ، ایل سی، ایڈوانس پیمنٹ وغیرہ کی نقل کے ساتھ بھیجیں گے۔ یہ درخواستیں ارسال کرتے ہوئے بینک فی شوگر مل 5,000 ٹن کے زیادہ سے زیادہ مقررہ کوٹے پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے ہر شوگر مل کا ریکارڈ بھی رکھیں گے۔

2۔ تمام درخواستیں ڈائریکٹر ایکس چینج پالیسی ڈیپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو بھیجی جائیں۔

3۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر ہر ای فارم کے عوض اجازت دے گا۔

4۔ بینک چینی کی برآمد سے متعلق تازہ ترین معلومات یومیہ بنیاد پر ڈائریکٹر، ایکس چینج پالیسی ڈیپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو بھیجے گا۔

5۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

6۔ 23 جولائی، 2012 کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں زیرغور نہیں آئیں گی۔

واضح رہے کہ حکومت پاکستان نے مندرجہ ذیل شرائط پر چینی کی برآمد کی اجازت دی ہے:

1۔ 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کی جائے گی۔

2۔ انفرادی شوگر مل کو پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر -/5,000 ٹن سے زیادہ مقدار برآمد کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ برآمد صرف ای فارم کے عوض کی جائے گی۔

4۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان برآمد کی نگرانی کرے گا اور مندرجہ بالا انفرادی اور مجموعی حد سے زیادہ کی صورت میں ای فارم جاری نہیں کرے گا۔

اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے آج پاکستان میں کام کرنے والے زرمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز کے سربراہان/پرنسپل آفیسرز کو ایک EPD Circular Letter جاری کردیا۔

:☆☆☆